# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



جملہ حقوق بحقِ مصنف محفوظ ہیں


| | |
|---|---|
| نامِ کتاب | سُرورِعالم |
| مصنف | پیر سیّد معین الحق شاہ گیلانی |
| کمپوزنگ | ذیشانؔ مہروی |
| پروف ریڈنگ | سیّد بہرام شاہ گیلانی |
| ناشر | مکتبہ معینیہ گولڑہ شریف |
| سالِ اشاعت | ۲۰۲۵ء |
| قیمت | روپے |
| تعداد | ۱۱۰۰ |


☆☆☆☆

# سُرورِعالم

کلام:
پیر سیّد معین الحق شاہ گیلانی
درگاہِ عالیہ گولڑہ شریف



## انتساب

محبوبِ خدا، خاتم الانبیاء
حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ
کے نام

## ہدیۂ حمد
## بہ بارگاہِ ربُّ العزت جل جلالہٗ



## مناجات

اے غفور و اے شکور و اے کریم!
اے رؤف و اے سمیع و اے رحیم!
دل فگار و خستہ جانم ، اے خدا!
بے نوا و ناتوانم ، اے خدا!
از عنایاتِ تو اے پروردگار!
شکر کردن کے بود در اختیار
بارِ عصیاں بر سَرم ، من ناتواں
بر درِ تُو آمدم اے مہرباں!
ہر زماں لطف و عطا فرمودہ ای
بے گماں ، بے انتہا فرمودہ ای
زندگی بے نور ہست و رائگاں
من ندارم تابِ روزِ امتحاں

در گزر فرما کہ من بے چارہ ام
بے حقیقت ، بے کس و ناکارہ ام
گر ز لطفِ تو شدم محروم من
در دو عالم می شود مَعدُوم من
من خطاکار و توئی ستّارِ من
من گنہگار و توئی غفّارِ من
از طفیلِ رحمةً لّلعالمینؐ
از طفیلِ سرورِ دنیا و دینؐ
از طفیلِ اہلِ بیتِ مصطفٰیؐ
از طفیلِ خاکِ پائے اتقیاء
اے شفیق و اے خلیق و ذوالجلال!
رحم فرما بر معینؔ خستہ حال

☆☆☆



❖

حمد پیرا ہوا ہر ایک نظارا تیرا
میرے نقّاشِ ازل! نقش ہے سارا تیرا
تیرے انعام سے بھر جاتے ہیں دامن سب کے
جب بھی ہو لطف و عنایت سے اشارا تیرا
اس کو کچھ خوفِ مصائب، نہ حوادث کا خطر
تیری رحمت سے ملا جس کو سہارا تیرا
بیکراں بحر کا ملتا ہے کنارا کس کو؟
کوئی ڈھونڈے بھی تو بے سود کنارا تیرا
ساتھ بہتے ہیں مگر حکم سے تیرے یارب!
میٹھے پانی سے الگ پانی ہے کھارا تیرا
ذرّے ذرّے پہ برستا ہے کرم کا بادل
ہے اُفق تا بہ اُفق لطف کا دھارا تیرا
کب سے ہے آس لگائے تری رحمت کی معینؔ
رحم فرما، ہے محبت کا یہ مارا تیرا

☆☆☆

❖

جلوہ ء حق پہ نظر دل کی جمائے رکھنا
بحرِ توحید میں بس غوطہ لگائے رکھنا
بت کدہ ہستیِ موہوم کا یکسر ہو فنا
دل سے دیوارِ تعیّن کو گرائے رکھنا
ذہن سے محو دُوئی کا ہو خیالِ باطل
وہم کا نقش بہر طور مٹائے رکھنا
ہو فقط ذاتِ الٰہی کی رضا، اصلِ حیات
اس کے در پر سرِ تسلیم جھکائے رکھنا
اُسوہ ء ختمِ رُسُلؐ ہو ترا رہبر ہر دم
راہِ ہستی پہ یہی شمع جلائے رکھنا
ہر گھڑی دیدہ و دل سرخوش و سرشار رہیں
فصلِ بے گل میں چمن زار کھلائے رکھنا
ہے معینؔ اب تو شب و روز یہی شغل مرا
ذکرِ محبوبِ خداؐ لب پہ سجائے رکھنا

☆☆☆



❖

ہے شش جہت میں ترے حسن کی ضیا یا رب!
عیاں جہاں میں تری شانِ دل کشا یا رب!
میں بحرِ ذات میں ڈوبا رہوں سدا یا رب!
تری ہی یاد میں ہو زندگی فنا یا رب!
ترا ہی ذکر ہو جینے کا مدّعا یا رب!
ہو میرا دل تری الفت سے آشنا یا رب!
مجھے بھی دولتِ عرفاں نصیب ہو مولا!
ترے کرم سے ملے عشق میں بقا یا رب!
اگر ہو دیدہ ء دل اہلِ شوق کا روشن
جمال تیرا نظر آئے جا بجا یا رب!
ہر ایک ذرّے پہ رحمت تری برستی ہے
ترے کرم کی نہیں کوئی انتہا یا رب!
رسول پاکؐ کی مجھ کو عطا حضوری ہو
یہی ہے میرے دلِ زار کی نوا یا رب!
ترے جمال کی ضو سے ہوں جان و دل تاباں
یہی معینؔ حزیں کی ہے التجا یا رب!

☆☆☆

❖

سہارا ہے دل و جاں کا ترا لطف و کرم یا رب
تری رحمت سے ہے لاریب میرے دم میں دم یارب
نوازش سے تری آتا ہے تیرا نام ہونٹوں پر
تری توفیق سے اُٹھتا ہے نیکی کا قدم یا رب
گناہوں کو مرے تو نے چھپایا چشمِ دنیا سے
بروزِ حشر رکّھے گا مرا تُو ہی بھرم یا رب
رہے ہر گوشہ میرے ذہن کا روشن تری ضو سے
رہے آباد تیری یاد سے دل کا حرم یا رب
عطا کر اپنے عرفاں کی مجھے سرشاری و مستی
رہے تیرے کرم سے دل ہمیشہ تازہ دم یا رب
سنوں جب حمد کے نغمات میری آنکھ بھر آئے
محبت میں تری دائم رہے یہ چشم نم یا رب
معیّنِ غم زدہ جلووں میں تیرے محو ہو جائے
چھپا لے اس کو سینے میں تری وحدت کا یم یا رب

☆☆☆



❖

دل و نظر میں رہے میرے تو ہی تو یا رب!
حضور تیرے رہوں تو ہو رو برو یا رب!
ترے نبیؐ کا جہاں بھر میں دین نافذ ہو
ترے حبیبؐ کا چرچا ہو چار سو یا رب!
تو ہی معین، تو ہی دستگیر میرا ہے
عدو سے تو ہی بچاتا ہے آبرو یا رب!
قبول کر کہ ترے نام پر نچھاور ہو
رواں دواں جو رگوں میں ہے یہ لہو یا رب!
سیاہ کار و گنہ گار ہوں، بروزِ جزا
ترے ہی فضل سے ہونا ہے سرخرو یا رب!
ہوا ہے دامنِ دل چاک چاک، تو ہی اسے
اب اپنے دستِ عنایت سے کر رفو یا رب!
ترے ہی لطف نے یہ حوصلہ دیا مجھ کو
تری عطا سے ہے توفیقِ جستجو یا رب!
تری ہی فکر میں کھویا رہے یہ شام و سحر
یہی معیّن کے دل کی ہے آرزو یا رب!

☆☆☆

❖

خُود دل میں کیا گھر بتِ عیّار کی صورت
اور خود ہی چلے آئے پرستار کی صورت
گھر دل میں بناؤں در و دیوار کی صورت
وہ اس میں بسیں مالک و مختار کی صورت
ہر شے میں نظر آئے مجھے یار کی صورت
دیکھی ہے کبھی گل میں کبھی خار کی صورت
خود ساقی و مے خانہ ہے، خود ساغر و مے بھی
اور خود ہی پیے مست قدح خوار کی صورت
وہ صاحبِ اسرار کہ ہے سرِّ نہاں بھی
ہے جلوہ نما کاشفِ اسرار کی صورت
دل میں ہے نہاں اور نگاہوں سے چُھپا ہے
اے کاش ہو پیدا کوئی دیدار کی صورت
کہنا ہی پڑا اشکوں سے احوالِ غمِ دل
جب کوئی نظر آئی نہ اظہار کی صورت
ہر حال میں بندوں پہ وہ کرتا ہے عنایت
ستّار کی صورت، کبھی غفّار کی صورت
دن رات معینؔ اپنی دعا حق سے یہی ہے
آ جائے نظر احمدِ مختارؐ کی صورت

☆☆☆



❖

جا بجا جلوہ فشاں اک تُو ہی تُو
بے کنار و بے کراں اک تُو ہی تُو
تُو ہی مطلق، ماورائے فکر ہے
ہو مکاں یا لا مکاں اک تُو ہی تُو
ہر طرف ہے بس تری جلوہ گری
اور سب وہم و گماں اک تُو ہی تُو
دیدہ ء ظاہر میں خَلق و حق جدا
رُوپ تیرے این و آں اک تُو ہی تُو
آشنا اور اجنبی تیرے ظہور
ہو نشاں یا بے نشاں اک تُو ہی تُو
جمعِ اطلاق و تقیّد سے عیاں
حُسن کی رعنائیاں اک تُو ہی تُو

آسمان و لا مکاں تیری ہی ذات
ایں جہان و آں جہاں اک تُو ہی تُو
کُلُّ شَیءٍ ھَالِکٌ، فرماں ترا
ہر مکان و ہر زماں اک تُو ہی تُو
تو جہانوں سے، علاقوں سے ورا
ہو یہاں چاہے وہاں اک تُو ہی تُو
ہر تعیّن، ہر تشخّص، تجھ سے ہے
کس کا جلوہ، کس کی شاں؟ اک تُو ہی تُو
سب فضائل، سب محاسن تیرے ہیں
تجھ سے ہیں سب خوبیاں اک تُو ہی تُو
کون ہے قلب و نظر میں جُز ترے؟
کون ہے وردِ زباں اک تُو ہی تُو
حمد ہو تیری رقم ممکن نہیں
اے خدائے مہرباں اک تُو ہی تُو
ہستیِ موہوم ہے بندہ معیّنؔ
اور کوئی ہے کہاں؟ اک تُو ہی تُو

☆☆☆



❖

مجھ پہ ہو جائے کرم یا خالقِ دوراں یا ہُو
رات دن رہتا ہے دل میرا پریشاں یا ہُو
بے گماں، درد مرا تھا ترا احساں یا ہُو
لُطف تیرا ہی بنا درد کا درماں یا ہُو
کون مالک ہے مرا؟ کون ہے رازق میرا؟
کون ہے تیرے سوا میرا نگہباں یا ہُو
اپنی چاہت سے مرا دل، مرا داماں بھر دے
آرزو دل میں رہے کوئی نہ ارماں یا ہُو
ہو ترا ذکر مرے لب پہ رواں شام و سحر
ہو تری یاد سے دل روشن و تاباں یا ہُو
کر عنایات سے آباد مری بزمِ حیات
بے دلی دل کو مرے کر گئی ویراں یا ہُو
کاش دیدار کا نکلے کبھی ارمانِ معیّنؔ
منتظر کب سے ہے یہ دیدہء گریاں یا ہُو

☆☆☆

❖

بنا ہے قلب میرا درد کی تصویر یا اللہ
عطا ہو تیرے لطفِ خاص کی اکسیر یا اللہ
اسیرِ قید و بندِ دردِ عصیاں، پا بجولاں ہوں
کٹے گی کب غمِ جاں سوز کی زنجیر یا اللہ
رہی ہے بے ثمر اب تک مری آہِ سحر گاہی
اثر کرتا نہیں کیوں نالہ ء شب گیر یا اللہ
بنامِ مصطفیٰؐ دل کو عطا ہو راحت و تسکیں
کہ اک مدت سے ہوں میں مضطرو دل گیر یا اللہ
ترے محبوبؐ کی الفت سے میرا دل منوّر ہو
مری جاں میں اُتر جائے تری تنویر یا اللہ
زباں میری کرے تسبیح تیری رات دن مولا!
قلم کرتا رہے حمد و ثنا تحریر یا اللہ
معیؔنِ بے نوا کو خوش نوا کر دے خداوندا!
لکھے اسمائے حسنٰی کی کبھی تفسیر یا اللہ

☆☆☆



❖

ہر سو تیری زیبائی، ہر سو تیری رعنائی
مظہر ترے جلووں کی ہر چیز نظر آئی
کعبہ ہو کہ بت خانہ، گلشن ہو کہ ویرانہ
ہے ذات تیری ہر جا، اے دلبرِ ہرجائی
ہر شے سے عیاں تُو ہے، ہر شے میں نہاں تُو ہے
کثرت ہے ظواہر میں، باطن میں ہے یکتائی
دونوں ہی تری شانیں مطلق بھی، مقید بھی
پر اِن کے سمجھنے میں کچھ چاہیے دانائی
مے خانہ ءعرفاں کے ساقی! میں ترے قرباں
خود مستی و مے کش ہے، خود بادہ ء مینائی
اس صنعتِ قدرت پر کیوں عقل نہ حیراں ہو
تُو خود ہی تماشا ہے اور خود ہی تماشائی
بندہ ہے محبت کا ناچیز معیؔن الحق
ہے حسن کا شیدائی، پُر صبر و شکیبائی

☆☆☆

❖

اے خدائے اِنس و جاں! شانِ عُلا کے واسطے
لطف فرما ہم پہ شاہِ انبیاءؐ کے واسطے

شاہِ مرداں، شیرِ یزداں، جانِ جاں، مولا علیؑ
فاطمہؓ بنتِ جنابِ مصطفیٰؐ کے واسطے

سیّد السّادات، محبوبِ نبیؐ حضرتِ حسنؑ
اور حسینؑ ابنِ علی المرتضیٰؑ کے واسطے

حضرتِ صدّیقؓ و فاروقؓ اور عثمانؓ و علیؑ
چاروں اصحابِ رسولِ دوسراؐ کے واسطے

ان فقیہانِ مکرّمؒ کے طفیل اے ذی کرم!
رحم فرما! فضل کر، نورِ ہدیٰ کے واسطے



غوثِ اعظمؒ، فخرِ عالم، جانِ مردانِ خدا
خواجہ ء اجمیرؒ پیرِ مقتدیٰ کے واسطے

قطبِ دیں کاکیؒ، تجلّیِ خدائے دو جہاں
رہنمائے کاروانِ اولیاء کے واسطے

سیّدِ ہجویر داتاؒ کے تصدّق ہو کرم
اور فرید الدّینؒ مردِ باصفا کے واسطے

حضرتِ سلطاں نظام الدّینؒ محبوبِ خدا
شمسِ دیںؒ، پیرِ سیال، اہلِ وفا کے واسطے

سیّدِ مہرِ علیؒ، فرزندِ غوثِ ذوالعُلا
پیرِ بابوجیؒ محبّ مصطفیٰؐ کے واسطے

ہو نبیؐ کا اسوہ ء کامل ہمارا راہبر
اتقیاءؒ و اولیاءؒ و اصفیاءؒ کے واسطے

اے خدا! دل میں معیؔنِ زار کے اک تُو رہے
تُو ہی تُو، اک تُو ہی تُو، آلِ عباؐ کے واسطے

☆☆☆

# نذرانہءعقیدت

## بحضور سیّد الکونین، سرورِ کائنات

## حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ



### نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

نسبتِ شاهِ رُسُل، سرورِ ذیشانؐ دارم
بے گماں بیش ز گنجِ همه شاهاں دارم
من گدائے درِ آں شاهِ مدینهؐ هستم
شوکتِ قیصر و جم، سطوتِ سلطاں دارم
حاجتِ چاره گراں نیست که چوں نامِ نبیؐ
دردِ دل را شبِ غم، صورتِ درماں دارم
خوش نصیبم که بیادِ غمِ محبوبِ خداؐ
سوزِ دل، سوزِ جگر، دیده ء گریاں دارم
از عنایاتِ فراواں چه بگویم که مدام
فکر و اندیشه من از تنگیِ داماں دارم
بر درِ ساقیِ کوثرؐ بِرَسَم بارِ دگر
سر نهم جاں بدهم بس همیں ارماں دارم
لطف کردند چناں بر مَنِ مسکینِ معیںؔ
نے غمِ سود و زیاں، نے غمِ دوراں دارم

☆☆☆

## نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

ستم خورده، شکسته دل تباھے
رسیده بر دَرَت اے پادشاھے!
تُو میرِ آستان، مَن خاکِ پایت
چه خوش، گر سوئے من کردی نگاھے
تُو دانی سر گزشتِ بندگان را
ندارم حاجتِ فریاد و آھے
مرا والله به مهر و مه غرض نیست
دِلَم روشن ز یادِ رشکِ ماھے
چه خوش بختم که در راهِ مدینه
به سنگ و خارا دارم، رسم و راھے
سیه بختم و لیکن شاد کامم
که هم وصفم به آن زلفِ سیاھے
معینؔ آمد دریں کوئے تُو شاھاؔ!
کرم کردی به ایں گم کرده راھے

☆☆☆



## نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

دِلَم زنده از آرزوئے محمد ﷺ
نظر روشن از جستجوئے محمد ﷺ
چه گویم ز انوارِ روئے محمد ﷺ
جمالِ سحر باد کوئے محمد ﷺ
سرم سوئے کعبه شود سجده ریزاں
دِلَم سجده ریز است سوئے محمد ﷺ
حدیثِ محبت، نویدِ اخوت
کلامِ خدا گفتگوئے محمد ﷺ
کِیَم من که وصلِ جمالش بگویم
خدا خود کند وصفِ روئے محمد ﷺ
ندانم به محشر بایں بارِ عصیاں
چه گونه شوَم روبروئے محمد ﷺ
همیں آرزوئے، همیں التجائے
الٰهی شوم خاکِ کوئے محمد ﷺ
نَیَرزَد معینؔ رنگِ گُل هائے عالم
به یک جلوهٔ حُسنِ روئے محمد ﷺ

☆☆☆

❖

مورے کالی کملیاؐ والے پیا
کبھو لیجو خبریا بانکے پیا
میں آن پڑی ہوں تورے دوار
اب دیجو سہارا موہے پیا
سنو بپتا مجھ دکھیارن کی
ہے کون مرا بن تورے پیا
حسنینؑ، علیؑ، زہراؑ کارن
مورے سوئے بھاگ جگا دے پیا
سب دُکھ اندھیارے راکھ ہوون
ہو جائے نجریا مو پے پیا



ہوں داسی اپنے ساجن کی
رہنے دے چرنوں میں اپنے پیا
صدقے میراںؒ اور ہند ولیؒ
ہو کرپا نجریا مورے پیا
تم اسریٰ رین کے دولھا ہو
تم مالک ہو دو جگ کے پیا
ترسے ہیں نیناں درسن کو
اب مُکھ بھی تو دکھلا دے پیا
توہے واسطہ مہر علیؒ کا ہے
موری نیّا پار لگا دے پیا
لجپال ہے تُو رکھ لاج اس کی
یہ معیّنؔ نِرا لا شے ہے پیا

☆☆☆

❖

مرے کملی والےؐ جیسا کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہو گا
کبھی اُنؐ سا خوب و یکتا کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہو گا
وہ حبیب ہیں خدا کے، وہ محبّ ہیں کبریا کے
کسی طور انؐ سے بالا کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہو گا
بخدا رخِ پیمبرؐ ہے جمالِ حق کا مظہر
کہ کبھی مثیل انؐ کا کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہو گا
وہ جو بوریا نشیں تھا، جسے فخر فقر پر تھا
کہیں ایسا شاہِ والاؐ کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہو گا



سہے ظلم جس نے پھر بھی نہ کسی کو بددعا دی
کبھی مہربان ایسا کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہو گا
جسے اپنے گھر بُلایا، اسے بے طلب نوازا
کبھی میزبان ایسا کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہو گا
وہ غریب و ناتواں کے، وہ یتیم و بے کساں کے
کبھی غم گسار انؐ سا کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہو گا
سرِ عرش ذاتِ حق نے جسے اپنا قُرب بخشا
کبھی ایسی شان والا کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہو گا
ہے معیّن غلام جن کا وہ ہیں بحر و بر کے والیؐ
دو جہاں میں ایسا آقا کوئی تھا، نہ ہے، نہ ہو گا

☆☆☆

❖

کہیں ثانی شہِ دیںؐ کا نہ پایا
زمانے نے بہت ڈھونڈا نہ پایا
جو آیا انؐ کے در سے شاد آیا
کسی لب پر کوئی شکوہ نہ پایا
جہاں سارا ہے انؐ کے زیرِ سایا
نظر نے ان کا گو سایا نہ پایا
غلام انؐ کے جہاں گیروں کے آقا
کسی کو انؐ کا ہم پایا نہ پایا
سدا بانٹے خزانے بخششوں کے
کہیں ایسا کرم فرما نہ پایا
شفیق انؐ سا نہیں عالم میں کوئی
انیسِ جان و دل ایسا نہ پایا
معینؔ اس ذاتِ حق تک جُز محمد ﷺ
پہنچنے کا کوئی رستا نہ پایا

☆☆☆



❖

ذکرِ نبیؐ سکون کا سامان ہو گیا
کیا خوب میری زیست کا عنوان ہو گیا
حاصل جسے حضورؐ کا عرفان ہو گیا
وہ کائناتِ دین کا سلطان ہو گیا
یادِ نبیؐ سے دل کو مدینہ بنا لیا
انؐ کا خیال حاصلِ ایمان ہو گیا
لطفِ نظر نے کھول دی الجھی ہوئی گرہ
مشکل تھا راستا بہت، آسان ہو گیا
آنکھوں میں میری گنبدِ خضریٰ کی ہے بہار
پورا دلِ فسردہ کا ارمان ہو گیا
شہرِ نبیؐ کا دل پہ اثر کچھ نہ پوچھیے
پہنچا یہاں جو صاحبِ عرفان ہو گیا
یہ فیض ہے درودِ مبارک کا اے معینؔ!
جو تیرے درد و کرب کا درمان ہو گیا

☆☆☆

❖

وہ بھی دن آئے گا دل شاد ہمارا ہو گا
سبز گنبد کی بہاروں کا نظارا ہو گا
بخشوائیں گے ہمیں حشر کے دن شاہِ رُسُلؐ
آپؐ کی چشمِ عنایت کا سہارا ہو گا
جب میں بطحا کے لیے رختِ سفر باندھوں گا
اوج پر میرے مقدّر کا ستارا ہو گا
اُنؐ کے پیکر سے ہے انوارِ الٰہی کا ظہور
دستِ قدرت نے انھیں خود ہی سنوارا ہو گا
خوب سرشار ہوا ہو گا کرم سے ان کے
جس نے آقاؐ کو محبت سے پُکارا ہو گا
بسکہ خوش بخت ہے دارین میں ان کا پیرو
ان سے جو دور ہے تقدیر کا مارا ہو گا
ہے یقیں مجھ کو معینؔ ان کے تصور کے طفیل
میرے دکھ کا، مرے ہر درد کا چارہ ہو گا

☆☆☆



❖

ہے بشر کی شکل میں پیکر خدا کے نور کا
کس قدر نزدیک ہے اب تھا جو منظر دُور کا
سیّدِ لولاکؐ کے دیدار کی ہے آرزو
شوق کچھ غِلماں کا دل میں ہے، نہ مجھ کو حور کا
خلد کی خاطر قیام و سجدہ اور یہ رتجگے
بس ہَوَس ہے نفس کی، اور کام ہے مزدور کا
مصطفیٰؐ کا فیض ہے، ہم پر عیاں جلوہ ہوا
اک خدائے لَم یَزَل کی ہستیِ مستور کا
کب مری قسمت میں ہو گی وصل کی صبحِ حسیں؟
ختم کب ہو گا یہ افسانہ شبِ دیجور کا؟
ہے کہاں میرے نبیؐ کی ذات سا اکمل جمال
کب جہاں میں ہے جواب ان کے رخِ پُرنور کا؟
کون میرا مونس و محسن ہے؟ اب ان کے سوا
ہے معینؔ اب اور چارہ کیا؟ دلِ مہجور کا

☆☆☆

❖

مت پوچھ چشمِ لُطف سے کیا کیا عطا ہوا
بے حد و بے حساب ہے ان کا دیا ہوا

ہم امّتی ہیں شاہِ اممؐ کے بفضلِ حق
اپنا امیر! سیّدِ کُل انبیاءؐ ہوا

کیا شان ہو بیان رسولِ کریمؐ کی
صورت میں ڈھل کے نورِ خدا، مصطفیٰؐ ہوا

ان کی نظر سے جو بھی گرا بد نصیب ہے!
اُٹھا نہیں ہے اس طرح کوئی گرا ہوا

ہے ذاتِ حق میں ذاتِ نبیؐ محو اس طرح
اللہ سے ملا ہے، نبیؐ سے ملا ہوا

قوسین سے زیادہ نہ تھا فصل بیچ میں
معراج کی شب ایسا تھا پردہ اٹھا ہوا

مجھ پر ہیں سب معیںؔ نبیؐ کی نوازشیں
ان کے کرم سے دل کا ہے غنچہ کھلا ہوا

☆☆☆



❖

چاہیے دل کو سہارا مصطفیٰؐ کی یاد کا
آپؐ کے شہرِ سکوں پرور کے آب و باد کا

گوشے گوشے میں زمیں کے جشن ہے میلاد کا
ہے فلک پر شور، تحسین و مبارک باد کا

راستا ان کی شریعت کا ہے پُر امن و اماں
دام کا ڈر ہے نہ خطرہ ہے کسی صیاد کا

تذکرہ ہے مصطفیٰؐ کا غم زدہ جاں کا علاج
ہے درودِ پاک چارہ خاطرِ ناشاد کا

جو بھی آلِ بُولہب ہے، اس کو آتش راس ہے!
خاک سے ورنہ خمیر اُٹھا ہے آدم زاد کا

''لَم تَکُن تَعلَم کا جب اُستاد خود رحمان ہے
کب سہارا چاہیے تھا آپؐ کو استاد کا

شاہِ عالمؐ کے لیے ہے شاعری میری معیںؔ!
کچھ اثر مجھ پر نہیں ہے داد یا بیداد کا

☆☆☆

❖

ہے ذکر پُر بہار، نبیؐ کے دیار کا
ہیں گُل تو گُل، جواب نہیں واں کے خار کا
اکسیرِ جاں ہے گردِ رہِ شہرِ مصطفیؐ
صحت فزا اثر ہے وہاں کے غبار کا
جانے کب اس دیار کا دیدار ہو نصیب
لمحہ بہت کٹھن ہے غمِ انتظار کا
رہنا مدام محو نبیؐ کے خیال میں
پیہم یہی ہے کام دلِ بے قرار کا
ٹھوکر پہ اپنی مار دے تاجِ سکندری
ادنٰی مقام ہے یہ ترے خاک سار کا
اس خوش نصیب کا ہے مقدّر عجب معینؔ
جس پر کرم ہے سیّدِ والا تبارؐ کا

☆☆☆



❖

نورِ حق نے چشمِ نابینا کو بینا کر دیا
اک نگاہِ لطف سے بندے کو آقا کر دیا
شرک کا باطل فسوں توڑا رسول اللہؐ نے
جو تھے ادنٰی اس جہاں میں ان کو اعلٰی کر دیا
آپؐ نے جاہل پہ کھولا در خدا کے علم کا
جو سراسر بے خبر تھا، اس کو دانا کر دیا
جو قریب آیا، اسے بخشا نبیؐ نے نورِ حق
پھر منوّر اس کا باطن اور سراپا کر دیا
شاہد و مشہود کی نسبت کا ہے سارا کمال
اِس طرح محبوبؐ کا خالق نے چرچا کر دیا
کس قدر بیماریوں میں مبتلا تھا سب جہاں
اس قریب المرگ کو حضرت نے اچھا کر دیا
نعت کی ٹھنڈک جو میری روح میں اتری معینؔ
یوں لگا انوار نے دل میں اُجالا کر دیا

☆☆☆

❖

سیّدِ عالمؐ ہیں گنجینہ مرے ایمان کا
آپؐ کا در ہے ٹھکانہ میرے جسم و جان کا
ان کے رُتبے کی شناسا خود ہے ذاتِ کبریا
تذکرہ ہم سے بیاں کیسے ہو ان کی شان کا
گفتگو ان کی حقیقت میں کلام اللہ ہے
ان کا طرزِ زندگانی عکس ہے قرآن کا
نکتہ ء توحید کی تشریح کیا ہی خوب ہے
آپؐ نے واضح کیا اعلیٰ مقام انسان کا
ورد سے صلِّ علیٰ کے مشکلیں حل ہو گئیں
چارہ ہے نامِ محمدﷺ درد بے درمان کا
دہر میں جو لوگ تھے ناخواندہ، ابجد ناشناس
ان پہ کھولا آپؐ نے در مکتبِ عرفان کا
فہمِ انساں سے ورا ہے مرتبہ ان کا معیّن
عرش سے اونچا ہے پایا آپؐ کے ایوان کا

☆☆☆



❖

نبیؐ کے نام سے روشن ہوا گھر ابنِ آدم کا
اُنھی کے دم سے ہے یہ رنگ دل کش بزمِ عالم کا
تصوّر حرزِ جاں جب سے ہوا سلطانِ عالمؐ کا
رہا دل میں نہ میرے کوئی خدشہ قیصر و جم کا
مرے زخموں کا درماں چارہ گر کر ہی نہیں سکتے
خیال ان کا ہے شافی، میں نہیں محتاج مرہم کا
مجھے بخشا گیا صلِّ علیٰ کا وردِ نورانی
ذرا بھی مجھ کو اندیشہ نہیں نارِ جہنم کا
عطا دن رات ان کے سبز گنبد کی زیارت ہو
مقدّر میں مرے شام و سحر ہو آب زم زم کا
معیّن ان کی ہے چشمِ لطف، میری دستگیرِ جاں
مجھے رہزن کا خطرہ ہے نہ کوئی راہِ پُرخم کا

☆☆☆

❖

بدلتا کب ہے رخ دیکھیں مقدّر کے ستارے کا
ہوئی مدت کہ میں ہوں منتظر ان کے اشارے کا

حبیبِ حقؐ کا نامِ پاک ہے جب سے مرے لب پر
لیا احساں نہ میں نے اہلِ دنیا کے سہارے کا

شفیقِ بے کساں، آرامِ جاں، شاہِ شہاںؐ وہ ہیں
جہاں میں اور مونس کون ہے الفت کے مارے کا

رسولِ حقؐ ہمارے ناخدا ہیں، مطمئن ہم ہیں
پریشاں کیا کرے گا فاصلہ ہم کو کنارے کا

نبیؐ کی راہ جو چھوڑے وہ گویا حق سے منہ موڑے
سراسر ایسا کاروبار ہے دینی خسارے کا

جوان کا حسنِ صورت ہے، جوان کا حسنِ سیرت ہے
مقام اس کا نہیں، تشبیہ کا یا استعارے کا

معینؔ غم زدہ کو پیار ہے اللہ کے پیارے سے
بھرم ہر جا پہ رکھیں گے وہی اس بے سہارے کا

☆☆☆



❖

ذکرِ نبیؐ ہے چارہ غم و اضطراب کا
فصلِ خزاں بھی ہو گئی موسم گلاب کا

پڑتی ہے ان کے لُطف کی شام و سحر پھوار
کب ہے جواب ان کے کرم کے سحاب کا

ہر لحظہ، ہر جگہ ہے تجلّی حضورؐ کی
جلوہ ہے دو جہاں میں، اُسی آفتاب کا

راتیں بسر ہوں ذکر میں، دن ان کی یاد میں
گزرے نہ رائگاں یہ زمانہ شباب کا

پردے تمام اُٹھ گئے قلب و نگاہ کے
آیا زباں پہ نام جو عالی جنابؐ کا

ہم جو کریں، وہ بہرِ رضائے خدا کریں
آئے نہ کچھ خیال بھی اجر و ثواب کا

اس کے بغیر چارہ نہیں ہے کوئی معینؔ
چشمِ کرم علاج ہے ہر پیچ و تاب کا

☆☆☆

❖

ہے سوا ان کے سہارا کون؟ بے مقدور کا
بس نگاہِ مصطفیٰؐ چارہ دلِ رنجور کا

میں رخِ محبوبِ حقؐ کا ہوں تمنّائی فقط
ہے گراں آنکھوں پہ نظّارہ پری و حور کا

آپؐ کے مرہونِ احساں دو جہاں کے تاجور
دونوں عالم میں ہے شہرہ آپؐ ہی کے نور کا

ہے رسولِ حقؐ پہ قرباں عالمِ قدسی تمام
ہے جہانِ اِنس پروانہ چراغِ طُور کا

خلد کو سمجھیں گے ہم اس وقت فردوسِ بریں
فاصلہ باقی نہ ہو گا جب دراز و دُور کا

اے خدا! لکھ دے مقدّر میں مدینے کی زمیں
دل کہیں لگتا نہیں اس بندہ ء مہجور کا

ہو گیا سلطانِ عالمؐ خود نگہباں اے معینؔ!
تجھ سے عاجز، ناتواں، نادار اور مجبور کا

☆☆☆



❖

عشقِ رسولؐ کام ہے مردِ دلیر کا
جبریل کا نَفَس ملے، زہرہ ہو شیر کا

ان کی تجلّیوں کا کریں کیا شمار ہم
کیسے حساب ہم کریں رحمت کے گھیر کا

ہر ہر قدم پہ میرا سہارا ہے ان کا نام
غم ہے نہ کوئی فکر ہے، رستوں کے پھیر کا

بامِ حرم ہے آپؐ کا مینارِ روشنی
نظّارہ دل نواز ہے نوری منڈیر کا

معنیٰ پہ رکھ نظر کہ ہیں الفاظ تو لباس
آئے خیال دل میں زَبَر کا، نہ زیر کا

یا رب! عطا ہو مجھ کو حضوری رسولؐ کی
ارماں تڑپ رہا ہے مرے دل میں دیر کا

ہو نقشِ پا حضورؐ کا قلبِ معینؔ پر
ہو بس یہی نشاں مری مٹی کے ڈھیر کا

☆☆☆

❖

جاں تر و تازہ ہوئی نعت سے دل شاد ہوا
حجرہ ء دل مرا ویران تھا، آباد ہوا
آپؐ کا نور ہوا سارے جہاں کی بنیاد
آپؐ کا نور ہی کُل عالمِ ایجاد ہوا
جلوہ ءحق پہ نظر دل کی جمی ہے جب سے
فکر و وجدان مرا وہم سے آزاد ہوا
درس توحید کا دشوار نہیں ہے لیکن
اپنی ہستی کو مٹا کر یہ سبق یاد ہوا
پھر گئے رخ غم و آلام کے طوفانوں کے
آپ کے گوشہ ء ابرو کا جب ارشاد ہوا
جس کو پہچان ہوئی شاہِ رسولاںؐ کی معینؔ
مکتبِ معرفتِ حق کا وہ استاد ہوا

☆☆☆



❖

رحمتِ عالمؐ کا جس دم رُخ اِدھر ہو جائے گا
آرزو کا نخلِ بے بَر پُر ثمر ہو جائے گا
مشکلیں ہوں گی تمام، اک اک گرہ کھل جائے گی
جب مقدّر میں مدینے کا سفر ہو جائے گا
آ ہی جائے گا سلیقہ، رفتہ رفتہ بات کا
میرا نالہ رفتہ رفتہ با اثر ہو جائے گا
وہ اگر چاہیں تو کر دیں سنگِ خارا کو گُہر
ان کی اک چشمِ کرم سے دل قمر ہو جائے گا
آمدِ سرکارؐ پر چھائے گی رحمت کی بہار
جلوہ افشاں جا بجا نورِ سحر ہو جائے گا
ان کی خاطر اشک باری بھی ہے وجہِ سرخوشی
نذرِ یادِ مصطفیٰؐ خونِ جگر ہو جائے گا
انعقادِ محفلِ میلادِ اقدس ہے معینؔ
مصطفیٰؐ کے ذکر سے جنت یہ گھر ہو جائے گا

☆☆☆

❖

وجہِ تخلیقِ دو عالم ہیں محمد مصطفٰی ﷺ
نازشِ حوّا و آدم ہیں محمد مصطفٰی ﷺ
حبّذا ! نورِ مکرّم ہیں محمد مصطفٰی ﷺ
پیکرِ عزمِ مصمم ہیں محمد مصطفٰی ﷺ
محترم ہیں یوں تو سارے مرسلین و انبیاء
سب سے رُتبے میں مقدّم ہیں محمد مصطفٰی ﷺ
آپؐ کا اسمِ گرامی دافعِ رنج و بلا
چارہ گر، لطفِ مجسّم ہیں محمد مصطفٰی ﷺ
رات دن ہم پر برستی ہیں خدا کی نعمتیں
مہرباں اُمّت پہ پیہم ہیں محمد مصطفٰی ﷺ
گردشِ دوراں کا کیا ڈر ہو معین الحق مجھے!
میرے ہادی، میرے ہمدم ہیں محمد مصطفٰی ﷺ

☆☆☆



❖

اے شافعِ محشر، نورِ خدا، اے قاسمِ کوثر! صلِّ علٰی
اےواقفِ سرِّ کُن فیکوں! اے صاحبِ قوسین او ادنٰی

والشّمس ترا روئے انور، واللیل ہے زلفِ دوتا یکسر
دندانِ مبارک دُرِّ یمن تو آنکھیں ہیں شاہدِ ذاتِ خدا

یہ سطوت و شوکت، جاہ و حَشَم، یہ جود و سخا، یہ لطف و کرم
اے ثروت و رحمتِ کون و امم، اے سرور و سیّدِ ارض و سما

وہ حُسن کہ ظاہر شانِ خدا، کونین ہیں اُس صورت پہ فدا
لَم یاتِ نَظِیرُكَ فِی نَظَر، بے مثل ہیں وہ محبوبِ خداؐ

یہ بندہ معیّن ہے تیرا گدا، محتاجِ نگاہِ فیض و عطا
حاضر ہے درِ اقدس پہ شہاؐ!، سب بخش دیں اس کے جرم و خطا

☆☆☆

❖

آپؐ اللہ کے ہیں، ہے خدا آپؐ کا
کیا کہوں کیا نہیں، یا ہے کیا، آپؐ کا
حق نے اپنے لیے کچھ بنایا نہیں
جو بنایا، وہ سارا ہوا آپؐ کا
رحمتِ دوجہاںؐ، شافعِ عاصیاںؐ
کس کا رُتبہ ہے یہ؟ آپؐ کا، آپؐ کا
کون جانے بجز ذاتِ پاکِ اَحَد
منزلت آپؐ کی، مرتبہ آپؐ کا
سدرہ سے جب چلے، قاب قوسین کو
عرشِ اعظم پہ سکّہ چلا آپؐ کا
اہلِ دل کے لیے قبلہ ء جان و دل
ذات ہے آپؐ کی، نقشِ پا آپؐ کا



ذکر ہے آپؐ کا وجہِ تسکینِ جاں
ہے تصوّر عجب جاں فزا، آپؐ کا
جس جگہ آج تک وہم پہنچا نہیں
اُس جگہ ہے گیا نعلِ پا آپؐ کا
حشر کے دن سبھی اوّلیں، آخریں
پوچھتے ہی پھریں گے پتا آپؐ کا
ہر مرض کی دوا، چارہ ہر درد کا
بس مدینہ ہے دارُالشّفا، آپؐ کا
خُو مری ہے خطا، جرم و عصیان کی
کام ہے رحم و عفو و عطا آپؐ کا
اس معیّن کی تو کُل کائنات آپؐ ہیں
ہے یہ جیسا بھی، اچھا، برا، آپؐ کا

☆☆☆

❖

شاہدِ کُل عالمیںؐ تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ
رحمۃٌ للّعالمیںؐ تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ

خود خدا خواہش کرے جس کی رضا کے واسطے
ایسے پیارے نازنیں تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ

فِی مَقَامِ قَابَ قَوسَینِ وَمَا زَاغَ البَصَر
سائرِ عرشِ بریں تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ

مَن رَاٰنِی قَد رَاَی الحَق قَولُکَ فِی شَانِکَ
حق نما، اللہ بیں تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ

صورتِ حق، سرِّ حق ہیں، شانِ حق، محبوبِ حقؐ
رب کی برہانِ مبیں تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ

شرحِ قرآں، خُلقِ قرآں، صاحبِ قرآن بھی
سرِّ قرآنِ مبیں تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ



اوّل و آخر بھی ہیں اور ظاہر و باطن بھی ہیں
ذات کا عکسِ حسیں تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ

جنّ و انساں ہوں، مَلَک ہوں، انبیاء ہوں یا رُسُل
سیّدِ کُل عالمیںؐ تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ

قبر میں بھی، حشر میں بھی، پُل پہ بھی، میزاں پہ بھی
دردمندوں کے معیں تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ

غیر کی جانب میں کیوں دیکھوں، میں کیوں جاؤں کہیں؟
مرکزِ قلب و جبیں تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ

آپؐ کا تھا، آپؐ کا ہے، آپؐ کا ہوگا معیّن
اس کا ایماں، اس کا دیں تو آپؐ ہیں اور صرف آپؐ

☆☆☆

❖

سب رونقیں ہیں دلبرِ شیریں سخن کے ساتھ
آباد یہ چمن ہے بہارِ چمن کے ساتھ
ساری تجلیاں ہیں نبیؐ سے جہان میں
بخشش ہے نور کی سبھی اس ذوالمنن کے ساتھ
سارا جہان ہو گیا ان پر فریفتہ
آیا خدا کا نور عجب بانکپن کے ساتھ
ذاتِ نبیؐ ہے باعثِ تخلیقِ کائنات
ہے دل کشی جہان کی شاہِ زمنؐ کے ساتھ
کہہ دو اسے! دورد پڑھے وہ حضورؐ پر
دن رات جس کے کٹتے ہوں رنج ومحن کے ساتھ
مسرور ہے معیّن تصوّر میں آپؐ کے
آیا خیال آپؐ کا حسنِ چمن کے ساتھ

☆☆☆



❖

آتا ہے یاد شہرِ نبیؐ بار بار آج
برسے ہے ابرِ رحمتِ پروردگار آج
یادِ حبیبِ ربِّ دو عالمؐ کا فیض ہے!
چھایا ہوا ہے روح پہ میری خمار آج
گزرا یہاں سے کارواں بادِ حجاز کا
جاں بخش و دل نواز ہے رنگِ بہار آج
میلادِ مصطفیٰؐ سے فضا عطر بیز ہے
آنکھیں ہیں نور پاش، ہے دل مُشک بار آج
دیوار و بام و در پہ برستی ہیں رحمتیں
کتنے نظر نواز ہیں نقش و نگار آج
ان کے کرم سے ہو گئے کافور رنج وغم
دل ہو گیا رہینِ سکون و قرار آج
یہ دن معیّن ان کی عنایات کا ہے دن
ہیں بامراد لطف کے امید وار آج

☆☆☆

❖

نویدِ مسرت! پیامِ محمد ﷺ
ہے آئینِ کامل، نظامِ محمد ﷺ
خدا بولتا ہے لبِ مصطفیٰؐ سے
کلامِ خدا ہے کلامِ محمد ﷺ
بجھی آتشِ کلفت و رنج یکسر
لبوں پر جب آیا ہے نامِ محمد ﷺ
وہی لائقِ عظمتِ دائمی ہے
جو دل سے کرے احترامِ محمد ﷺ
سرِ عرش حیران و ششدر ملائک
ورائے گماں ہے خرامِ محمد ﷺ
ہمیں کیا خبر کیا ہے رتبہ نبیؐ کا
خدا جانتا ہے مقامِ محمد ﷺ
معینؔ اس کی قسمت ہے لاریب عالی!
ہوا ہے جو دل سے غلامِ محمد ﷺ

☆☆☆



❖

لائے تشریف وہ عالم کے مسیحا ہو کر
بے کسوں کے لیے ہر درد کا چارا ہو کر
ان کے متوالوں پہ ہر لحہ برستا ہے کرم
کیوں رہے زار و پریشاں کوئی ان کا ہو کر
ہو نصیب آپ کے خُدّام کی خدمت آقا!
ان کی راہوں میں رہوں خاکِ کفِ پا ہو کر
آپؐ کی صورتِ زیبا کہ نہیں جس کی نظیر
دل میں بس جائے مرے کیف سراپا ہو کر
کاش! توفیقِ الٰہی مری بن جائے رفیق
آپؐ کی رہ سے لپٹ جاؤں میں ذرّہ ہو کر
سب رسولوں کے ہیں سردار! خدا کے محبوبؐ
آئے سب نبیوں کی وہ جانِ تمنّا ہو کر
غیر ممکن ہے کہ یہ خستہ و بے حال معینؔ
غیر کے در پر جھکے طالبِ مولا ہو کر

☆☆☆

❖

آپؐ کی چشمِ عنایت ہے گنہ گاروں پر
رحمتیں خوب برستی ہیں سیہ کاروں پر

ملتفت رہتے ہیں وہ بے کسوں، لاچاروں پر
لطف کرتے ہیں سدا اپنے نمک خواروں پر

وہ نہیں فوجِ محمد ﷺ کے سپاہی ہر گز
جنھیں دعویٰ رہا فولاد کی تلواروں پر

آپؐ کے سائے میں جیتے ہیں جو اربابِ وفا
کیوں نہ ہوں لطفِ خدا ایسے وفاداروں پر

مفلسوں اور یتیموں پہ کرم ہے ان کا
شفقتیں سرورِ عالمؐ کی ہیں ناداروں پر

جاں نثاری ہے شہِ دیںؐ کے غلاموں کا شعار
شوق سے لوٹتے ہیں آگ کے انگاروں پر

روضہ سرکارؐ کا، کعبے کا بھی کعبہ ہے معینؔ!
ہے ملائک کی نظر نور کے میناروں پر

☆☆☆



❖

جان، دل، ایمان ہوں قرباں رسول اللہؐ پر
عمر ہو ساری بسر اپنی اُنھی کی راہ پر

جو بھی تھا ادنیٰ، وہ اس نسبت سے اعلیٰ ہو گیا
ہو کرم ایسا ہی مجھ بے کس، سعادت خواہ پر

کس قدر اپنوں نے دی تکلیف ان کو، حق گواہ
ظلم کے کیا کیا نہ ٹوٹے کوہ میرے شاہؐ پر

چاہیے اک التفاتِ حضرتِ محبوبِ حقؐ
جان و دل میرے فدا اس ذاتِ عالی جاہؐ پر

ان کے در پر ہے بندھا تانتا فرشتوں کا معینؔ
ہے ہجومِ جنّ و انساں شاہؐ کی درگاہ پر

☆☆☆

❖

یادِ محبوبِ خداؐ سے دل ہو تاباں عمر بھر
ہو مقدّر میں مرے صبحِ گلستاں عمر بھر

ہر گھڑی سلطانِ عالمؐ کا رہے مجھ پر کرم
رات دن برسے یونہی رحمت کی باراں عمر بھر

کامیاب و کامراں دنیا میں ہو ان کا غلام
اور ہو ان کا عُدو زار و پریشاں عمر بھر

جنّت الفردوس سے بہتر ہے اس کی زندگی
ان کی چشمِ لطف ہو جس کی نگہباں عمر بھر

اے خدا! لب پر رہے شام و سحر نامِ نبیؐ
ضَو فشاں میری رہے قندیلِ ایماں عمر بھر

سایہ ء آلِ عباؑ دائم مرے سر پر رہے
تر رہے اشکِ محبت سے گریباں عمر بھر

زندگانی میری ان کے قُرب میں گزرے معینؔ
میں رہوں پروانہ صورت ان پہ قرباں عمر بھر

☆☆☆



❖

من طالبِ چشمِ کریمانہ، تو صاحبِ جود و عطا جاناں
میں آس کی جھولی پھیلائے، تورے دوار ہوں کب سے پڑا جاناں

من سوختہ دل، من سوختہ جاں، از بارِ گنہ لرزاں لرزاں
کرپا کی نجریا سے مورے سب بگڑے کاج بنا جاناں

من آہ کشاں، فریاد کناں، از سوزِ فراقت شُعلہ بجاں
موری جیون بگیا سوکھی ہے، رحمت کی گھٹا برسا جاناں

من غرقِ گنہ ھستم لیکن، از بخششِ تو نومید نیم
لجپال ہے تو رکھ مورا بھرم! دو جگ میں نہ ہوں رسوا جاناں

من تشنہ لَبَم، من تشنہ دھاں، تو آبِ حیات و ساقیِ جاں
مورے پیاسے نینن کو درشن کی مدھوا پلا جاناں

چوں سنگِ دَرَت را بوسہ دھم، صد جان بود قربان کنم
میں جو ہوں، جیسا ہوں، آپؐ کا ہوں، موہے طیبہ نگر یا بلا جاناں

یک چشمِ کرم بر حالِ معینؔ، اے شافعِ محشر! سرورِ دیںؐ!
توری بنتی کَرَت ہوں چھوڑو نہیں، مورا کون ہے تورے سوا جاناں

☆☆☆

❖

نظر میں شہرِ مدینہ سجائے رکھتے ہیں
بہشت محفلِ دل کو بنائے رکھتے ہیں
نصیب جب سے زیارت ہوئی مدینے کی
نظر نظر میں مدینہ بسائے رکھتے ہیں
صدائے پائے محمد ﷺ ہے دل کی ہر دھڑکن
ہم ان کی یاد کو دل سے لگائے رکھتے ہیں
اُنھی کی باتیں سنیں اور اُنھی کی باتیں کہیں
اُنھی کی یاد میں آنسو بہائے رکھتے ہیں
عجب مزے میں گزرتے ہیں اپنے شام وسحر
ہم ان کے ذکر کی محفل سجائے رکھتے ہیں
ہم آرزوئے نبیؐ میں ہیں رات دن شاداں
ہم ان کی یاد کی مشعل جلائے رکھتے ہیں
معینؔ ان کے قدم چومتے ہیں اہلِ جہاں
نبیؐ کا عشق جو دل میں بسائے رکھتے ہیں

☆☆☆



❖

حُسن و جمالِ شاہؐ کی ہم گفتگو کریں
دیدِ نبیؐ کی شام و سحر آرزو کریں
جا کر درِ رسولؐ پہ مانگیں کرم کی بھیک
تارِ نگاہِ یار سے دل کو رفو کریں
لازم ہے اپنے خانہ ء دل کی بصد نیاز
شرمندگی کے اشک سے ہم شُست وشُو کریں
جلوے رخِ رسولؐ کے دیکھیں نگر نگر
گُل گشت باغِ حُسن کی ہم سُو بسو کریں
آئینہ ء جمالِ خدا، ذاتِ مصطفٰیؐ
اس آئنے میں حق کی سدا جستجو کریں
ساغر کشِ جمالِ محمد ﷺ خموش ہیں
محشر کہاں اٹھائیں؟ کہاں ہا و ہو کریں
جو الفتِ رسولؐ کے خواہاں ہیں اے معینؔ!
پہلے طہارتِ دل و جاں کی تو خُو کریں

☆☆☆

❖

ہیں رسالت مآبؐ کی باتیں
پاک روشن کتاب کی باتیں
ان کی رحمت کے باب کی باتیں
چارہ ء اضطراب کی باتیں
رخِ پُرنور کے حضور ہیں کیا؟
چہرہ ء آفتاب کی باتیں
سن کے اہلِ نظر ہوئے سرشار
صورتِ لاجواب کی باتیں
حور و غلماں کے تذکرے سارے
سربسر ہیں حجاب کی باتیں
گر ہو مائل ادھر نگاہِ کرم
سہل ہوں سب حساب کی باتیں
رات بھر کیں معینؔ نے دل سے
رشکِ صد ماہتاب کی باتیں

☆☆☆



❖

ہزار مایہ ء تسکیں ہیں شاہؐ کی باتیں
مرے حضور رسالت پناہؐ کی باتیں
عجب سرور کی باتیں تھیں کیف سے لبریز
وہ پُر بہار، مدینے کی راہ کی باتیں
رہیں گی اہلِ جہاں کے لبوں پہ تا بہ ابَد
رسولِ پاکؐ کے لطفِ نگاہ کی باتیں
بصد نیاز و عقیدت فرشتے کرتے ہیں
شہِ اممؐ کی، حبیبِ الٰہؐ کی باتیں
شہانِ وقت بھی دہلیز آپ کی چومیں
ادب کے ساتھ کریں، عزّ و جاہ کی باتیں
نبیؐ کے نور سے روشن ہے محفلِ افلاک
اُنھی سے انجمنِ مہر و ماہ کی باتیں
ہر اک زباں پہ معینؔ ان کا ذکرِ پاک رہا
تمام رات رہیں ان کی چاہ کی باتیں

☆☆☆

❖

آتی ہے روشنی جو نظر آفتاب میں
منبع ہے اس کا ان کے رخِ لاجواب میں
کافور دفعتاً ہوئے میرے اَلَم تمام
جب بھی لیا ہے نامِ نبیؐ اضطراب میں
بینا اگر ہو آنکھ تو سب کچھ نظر میں ہے
درخواست اس نظر کی ہے حق کی جناب میں
کب ہوں گا میں حضورِ رسالتؐ میں بار یاب
کٹتے ہیں روز و شب مرے اس پیچ و تاب میں
اللہ کے حبیبؐ کی رحمت ہے بے کراں
ممکن کہاں ہے آپؐ کی رحمت حساب میں
روزِ اَزل سے آپؐ رسولوں کے ہیں امام
خوش اِنس و جاں تمام ہیں اس انتخاب میں
نعتیں تمام اخذ اسی سے ہوئیں معینؔ
مرقوم ہے جو نعت! خدا کی کتاب میں

☆☆☆



❖

نبیؐ کی وہ نعتیں، وہ محفل کہاں؟
تڑپتے ہوئے اب وہ بسمل کہاں؟
وہ بارانِ گریہ ، وہ طوفانِ اشک
گیا! آج کل وہ غمِ دل کہاں؟
وہ شوقِ سفر اب نہ ذوقِ نظر
حدی خواں کہاں؟ جذبِ کامل کہاں؟
کہاں رتجگے اور کہاں بے خودی؟
کہ نیند ان میں ہوتی تھی حائل کہاں؟
لیا جب بھی نامِ رسولِ خداؐ
رہی پھر بھلا کوئی مشکل کہاں؟
ہر اک گام پر ذکرِ صلِّ علیٰ
وہ رہرو کہاں؟ شوقِ منزل کہاں؟
معینؔ ان کو دل ڈھونڈتا ہے مرا
وہ سعدیؒ و رومیؒ و بیدلؒ کہاں؟

☆☆☆

❖

شانِ عزّت مآبؐ دیکھتے ہیں
لطفِ عالی جنابؐ دیکھتے ہیں
چارہ ء اضطراب دیکھتے ہیں
رحمتِ حق کا باب دیکھتے ہیں
ہم مدینے میں نورِ یزداں کی
روشنی لاجواب دیکھتے ہیں
نعمتیں ان کے در پہ بٹتی ہیں
یہ کرم بے حساب دیکھتے ہیں
اب تصوّر میں ہم تلاوت کو
ان کے رخ کی کتاب دیکھتے ہیں
نام لیوا ہے ان کا جو بھی معینؔ
ہم اسے کامیاب دیکھتے ہیں

☆☆☆



❖

زہے قسمت میں نعتِ احمدِ مختارؐ لکھتا ہوں
انھیں ماوٰی، انھیں ملجا، انھیں سردار لکھتا ہوں
ثنائے خواجہء کون و مکاں ہے باعثِ رحمت
جبھی تو میں خوشی سے نعتیہ اشعار لکھتا ہوں
خداوندِ دو عالم خود کرے توصیفِ پیغمبرؐ
سمجھ کر میں عبادت، مدحتِ سرکارؐ لکھتا ہوں
انھی کے ذکر سے ہر دم مجھے تسکین ملتی ہے
تبھی اکثر میں نعتِ سیّدِ ابرارؐ لکھتا ہوں
گُلِ تاباں کی اُن کے روئے تاباں سے نہیں نسبت
میں ان کے رُخ کو یکسر مطلعِ انوار لکھتا ہوں
قلم لکھتا ہے میرا نعت یا حمدِ خدا کوئی
بیادِ شاہِ عالمؐ ہو کے میں سرشار لکھتا ہوں
مجھے اس سرزمیں سے اے معین الحق محبت ہے
دیارِ مصطفیٰؐ کو خلد کا گلزار لکھتا ہوں

☆☆☆

❖

مدینے کی آب و ہوا، اللہ، اللہ
معطّر، معطّر فضا، اللہ، اللہ
مدینے کی خاکِ شفا، اللہ، اللہ
وہ بابِ اجابت کُھلا، اللہ، اللہ
وہ اورادِ صلِّ علیٰ، اللہ، اللہ
سجیں محفلیں جا بہ جا، اللہ، اللہ
یہیں با ادب انبیاء سب کھڑے ہیں
یہیں منتظر اصفیاء، اللہ، اللہ
یہیں اپنے لختِ جگر ساتھ لے کر
کھڑی ہیں وہ خیر النساؓ، اللہ، اللہ



یہیں پر ابوبکرؓ و فاروقؓ و عثمانؓ
یہیں پر ہیں مشکل کشاؓ، اللہ، اللہ
یہیں پیرِ پیرانؒ ہیں بزم آرا
یہیں بوعلیؒ با خدا، اللہ، اللہ
یہیں بایزیدؒ و جنیدؒ ایستادہ
عجب مجمعِ اولیاء، اللہ، اللہ
یہیں رومیؒ، عطّارؒ، سعدیؒ و جامیؒ
خوشا ہر ولی کی صدا، اللہ، اللہ
محمد ﷺ کے روضے کی جالی پکڑ کر
معیںؔ بھی ہے محوِ ثنا، اللہ، اللہ

☆☆☆

❖

جب سے نگاہ گنبدِ خضریٰ پہ ہے پڑی
پلٹی نہ پھر وہاں سے، وہیں جم کے رہ گئی
حق کی لطافتوں کے مَظاہر ہیں بے شمار
بے مثل ہے جہاں میں مگر پیکرِ نبیؐ
نورِ نبیؐ سے ہو گیا روشن، سیاہ بخت
بادِ کرم سے کِھل گئی ارمان کی کلی
نامِ نبیؐ سے مشکلیں آسان ہو گئیں
خیرات اُنھی کے نام کی کونین میں بٹی
مسکیں کو شاہ کر دیا ان کی نگاہ نے
ان کی سخا سے بھر گئے دامان سب تہی
روشن چراغِ دل کریں جس کا رسولِ پاکؐ
مینارِ روشنی نہ بنے کیوں وہ آدمی
شکرِ خدا، معینؔ کو حق سے عطا ہوئی
شاہِ رُسُلؐ کے روضہ ء اقدس کی حاضری

☆☆☆



❖

روشن اُنھی سے محفلِ شمس و قمر ہوئی
ان کا ہے سب کرم کہ منوّر نظر ہوئی
چلنے لگی نسیمِ معطّر چمن چمن
آمد پہ ان کی ضَو فشاں ہر رہ گزر ہوئی
فرقت گزیدہ لوگ تھے تاریک رات میں
فیضانِ مصطفیٰؐ سے خوشی کی سحر ہوئی
اس سمت ان کے ایک اشارے کی دیر تھی
تحریرِ لوحِ قدر اِدھر سے اُدھر ہوئی
ان کی نگاہِ لطف نے کیا کیا کرم کیا
شکرِ خدا، کہ راہ مری مختصر ہوئی
جانِ تپاں کو مل گئی تسکیں درود سے
تکلیف پھر نہ کوئی ہمیں عمر بھر ہوئی
بس نسبتِ رسولؐ کا یہ فیض ہے معینؔ!
سارے جہاں میں آلِ نبیؐ معتبر ہوئی

☆☆☆

❖

آمدِ مصطفیٰؐ کی گھڑی آ گئی
مٹ گئے غم، انوکھی خوشی آ گئی
بس گیا دل میں ہے اُن کا پیکر حسیں
سر خوشی دل میں اب واقعی آ گئی
یہ حقیقت ہے، فیضان سے آپؐ کے
تیرہ شب میں عجب روشنی آ گئی
خشک اشجار پھر باثمر ہو گئے
شرق اور غرب میں زندگی آ گئی
آدمی ، آدمی کے قریب آ گیا
ساری دنیا میں اب آگہی آ گئی
بس کہ بے چین تھا میرا ذوقِ حضور
پھر تمنّاؤں پر تازگی آ گئی
مدحتِ مصطفیٰؐ کی بدولت معینؔ
میرے اشعار میں دل کشی آ گئی

☆☆☆



❖

تھکے کیوں زباں مصطفیٰؐ کہتے کہتے
ثنائے حبیبِ خداؐ کہتے کہتے
شفا پائی ریب و ریا و دُوئی سے
مدینے کو دارُالشّفا کہتے کہتے
نچھاور کریں ہر قدم پر دل و جاں
رخِ شاہؐ کو والضّحیٰ کہتے کہتے
مدینے میں ہم کو بڑا لطف آیا
بہر گام صلِّ علیٰ کہتے کہتے
یہی ہے تمنّا کٹے عمر ساری
یہی قصہ ء جاں فزا کہتے کہتے
درودوں کی ہر وقت سوغات بھیجیں
اُنھیں نورِ ارض و سما کہتے کہتے
معینؔ اب تو ہر لحظہ دل شادماں ہے
بتوفیقِ یزداں ثنا کہتے کہتے

☆☆☆

❖

تسکیں ہے مرے دل کو بہم ان کے کرم سے
مجھ پر ہے کُھلا بابِ کرم ان کے کرم سے

ہے زمزمہ خواں ان کی نوازش سے مری جاں
صدشکر! مرے دم میں ہے دم، ان کے کرم سے

ہے ذاتِ محمد ﷺ کی غلامی میں ہی عظمت
دنیا میں سرافراز ہیں ہم ان کے کرم سے

دن رات گزرتے ہیں فقط یاد میں ان کی
سرشار ہے دل حق کی قسم، ان کے کرم سے

جُز اذنِ حضوری یہ سفر ہو نہیں سکتا
اٹھتے ہیں قدم سوئے حرم ان کے کرم سے

دامن میں چھپا لے گی مجھے ان کی شفاعت
رہ جائے گا محشر میں بھرم ان کے کرم سے

احسان یہ ان کا ہے، معیںؔ ان کی عنایت
اللہ کا ہے مجھ پہ کرم ان کے کرم سے

☆☆☆



❖

دیتا ہے کرم ان کا شب و روز دلاسے
خُرّم ہیں دل و جان مرے ان کی وِلا سے

یہ رونقیں ہیں ساری فقط فضلِ خدا سے
صد شکر کہ نسبت ہے مری آلِ عباؑ سے

آقائے دو عالمؐ کے درِ پاک سے ہر بار
ہم بادہ ءعرفان کے بھر لاتے ہیں کاسے

آتی ہے نئی تاب و تواں روح میں لاریب
کِھلتا ہے دلِ زار مدینے کی ہوا سے

کافی ہے مجھے آپؐ کی بس ایک نظر ہی
ہو جائے جہاں سارا خفا، میری بلا سے

ہے مُونسِ جاں، صلِّ علٰی، نامِ محمد ﷺ
روشن ہے جہاں سیّدِ عالمؐ کی ضیا سے

بجھتی ہے معیںؔ اور کہاں پیاس دلوں کی
جاتے ہیں مدینے کو محبت کے یہ پیاسے

☆☆☆

❖

پیشِ نگاہ شہرِ نبیؐ کی بہار ہے
بے کس پہ کیا عنایتِ پروردگار ہے
ہے اس کی خاکِ پاک میں نورِ اَزَل نہاں
فردوسِ جاں نواز، نبیؐ کا دیار ہے
کافی رفو کو ایک نظر ہے حضورؐ کی
گو لاکھ میرا دامنِ دل تار تار ہے
کندن جو اک نظر میں مسِ خام کو کرے
اس کے کرم کا دل مرا اُمیدوار ہے
یا رب! ہیں روز و شب شہِ لولاکؐ پر سلام
ان پر صلٰوۃ، صبح و مسا بے شمار ہے
اس کے غریب خانے کبھی آیئے حضورؐ!
شام و سحر معیّنؔ کو بھی انتظار ہے

☆☆☆



❖

اور کچھ یاد نہ ہو، اسمِ خدا یاد رہے
ذاتِ محبوبِ خدا صلِّ علٰی یاد رہے
جب کبھی پیشِ نظر خلد کا نظّارہ ہو
سبز گنبد کا جو نظّارہ کیا، یاد رہے
بھول سکتا ہوں کہاں مہر و محبت ان کی
ان کا وہ لطف و کرم مجھ کو سدا یاد رہے
جان افروز تھا کس درجہ مدینے کا قیام
وہ ٹھکانہ، وہ محلّہ، وہ پتا یاد رہے
شب کو تھا دن کا سماں، دن تھے منوّر کتنے
عمر بھر کیوں نہ اُجالا وہ بھلا یاد رہے
ہر نفس جھونکا وہ فردوسِ معلّٰی کا معیّنؔ
شاہِ عالمؐ کے مدینے کی ہوا یاد رہے

☆☆☆

❖

خلد کی راہ ہمیں آپؐ دکھانے آئے
شعلہ ء نارِ جہنم سے بچانے آئے
آئے، سب راز حقیقت کے بتانے آئے
سوختہ جان تھے ہم پیاس بجھانے آئے
بخشنے ظلم کے ماروں کو حیاتِ تازہ
ظلم کی رسم زمانے سے مٹانے آئے
بختِ پژمردہ کِھلا صبحِ گلستاں کی طرح
آپؐ ہر ایک کی بگڑی کو بنانے آئے
دیدہ و دل سے اٹھے پردے دُوئی کے یکسر
نقشِ باطل وہ زمانے سے مٹانے آئے
تھے جو اوہام کے بت خانے وہ مسمار کیے
سکہ ء قوّتِ توحید چلانے آئے
کُھل گیا بابِ معینؔ ان کے کرم کا ہم پر
بختِ خوابیدہ ء انساں وہ جگانے آئے

☆☆☆



❖

شاہِ کونینؐ کی جس شے پہ نظر ہو جائے
سنگ ریزہ بھی اگر ہو تو گُہر ہو جائے
حق نے بخشا ہے تصرّف کا شرف آقاؐ کو
وہ جو چاہیں تو شبِ تار سحر ہو جائے
ایک ہلکی سی توجّہ ہو ادھر بھی آقاؐ!
میرا دل آپؐ کی اب راہ گزر ہو جائے
اس سے پہلے کہ مری عرض وہاں تک پہنچے
میرے احوال کی آقاؐ کو خبر ہو جائے
یا نبیؐ! بختِ سیہ میرا فروزاں کر دے
صورتِ زیر جو ہے مثلِ زبر ہو جائے
لوٹ کر آئے بفرمانِ نبیؐ سورج بھی
اک اشارے سے ہی دو لخت قمر ہو جائے
زندگی شکر کے سجدوں میں گزر جائے معینؔ
ایک مصرع بھی قبول ان کو اگر ہو جائے

☆☆☆

❖

ان کی راہوں میں دل بچھائیں گے
اب مقدّر کو ہم جگائیں گے

جھولیاں خوب بھر کے لائیں گے
ہر برس ہم مدینے جائیں گے

محفلِ مصطفیٰؐ سجائیں گے
دشت کو خلد ہم بنائیں گے

مصطفیٰؐ کے حضور رو رو کر
حالِ زار اپنا ہم سنائیں گے

گرچہ دوری ہمیں ستائے گی
لب پہ شکوہ کبھی نہ لائیں گے

ان سے ملنا ہمیں ضروری ہے
حق تعالٰی سے وہ ملائیں گے

ہے مدینے کی خاک کحلِ بصر
اپنی آنکھوں میں ہم لگائیں گے

لب پہ جب نامِ پاک ان کا رہے
رنج و آلام کیا ستائیں گے

پھر نویدِ خُجستہ آئی معینؔ!
میرے گھر وہ ضرور آئیں گے

☆☆☆



❖

نہ آرزو ہے جہاں کی، نہ کچھ تمنا ہے
بس ایک ان کا تصوّر اُنھی کا سودا ہے

مری زباں پہ فغاں ہے، نہ کوئی شکوہ ہے
مرے کریم نے بے حد مجھے نوازا ہے

نبیؐ کے شہر کی ہر شام جاں نواز بہت
نبیؐ کے شہر کا فرحت نشاں سویرا ہے

حبیبِ ربِّ دو عالمؐ کی شان کیا کہیے!
بشر کی شکل ہے، جلوہ مگر خدا کا ہے

نوازشیں ہیں یہ ساری شہِ دو عالمؐ سے
عطا کا در جو مرے رب نے مجھ پہ کھولا ہے

اطاعتِ شہِ دیںؐ ہے حیات کا مقصد
بغیر عشقِ نبیؐ جینا کوئی جینا ہے؟

بہت ہے مشکل و دشوار جادہ ء عرفاں
گر التفاتِ نبیؐ ہو تو خوف پھر کیا ہے؟

مجھے معینؔ ستاتا نہیں غمِ دوراں
کہ مہرباں مرے دل پہ میرا آقاؐ ہے

☆☆☆

❖

رحمتِ کردگار دیکھیں گے
گنبدِ پُر بہار دیکھیں گے
ہم پہ برسے گا ابرِ فیضِ نبیؐ
لطفِ لیل و نہار دیکھیں گے
جس کے سائے میں ہے جہاں سارا
وہ شجر سایہ دار دیکھیں گے
ہم بھی پہنچیں گے اپنی منزل پر
ہم بھی صبحِ بہار دیکھیں گے
مرحبا! پائیں گی شفا آنکھیں
ان کی رہ کا غبار دیکھیں گے
ہم کریں گے قیام بطحا میں
زندگی کی بہار دیکھیں گے
آنکھ بھر آئے گی خوشی سے معینؔ!
جس گھڑی کوئے یار دیکھیں گے

☆☆☆



❖

پیوست دل میں یاد ہے، ہونٹوں پہ نام ہے
اپنا رخِ نبیؐ کے تصوّر سے کام ہے
اَبرِ کرم حضورؐ کا ہے دو جہان پر
اس سائباں کے سائے میں عالم تمام ہے
ہے خوش نصیب در پہ جو ان کے پہنچ گیا
آزاد ہے وہ غم سے جو ان کا غلام ہے
اللہ کا ہے ہاتھ، شہِ دوسراؐ کا ہاتھ
اور نطقِ مصطفیٰؐ ہی خدا کا کلام ہے
لاریب سرِّ حق ہے محمدﷺ کی ذاتِ پاک
ہے ماورائے عقل، جو ان کا مقام ہے
یا رب ترے حبیبؐ کی الفت سدا رہے
جو سرمدی سرور ہے، کیفِ دوام ہے
جز مصطفیٰؐ کوئی نہیں پیشِ نظر معینؔ
صبح و مسا اُنھی پہ درود و سلام ہے

☆☆☆

❖

حشر تک شہر نبیؐ کا یونہی آباد رہے
جو کرے اس کی زیارت وہ سدا شاد رہے
جاں غمِ دہر سے میری سدا آزاد رہے
میرے آقاؐ! مرا ایمان تری یاد رہے
پیروی شاہِ دو عالمؐ کی ہو مقصودِ حیات
میرے سر، آنکھوں پہ اللہ کا ارشاد رہے
پاسباں میری ہے سلطانِ دو عالمؐ کی نظر
لاکھ بے رحم جہانِ ستم ایجاد رہے
اس قد و قامتِ زیبا کا نہیں کوئی جواب
جس پہ قربان صنوبر رہے، شمشاد رہے
ہر برس شہرِ نبیؐ کا ہو سفر مجھ کو نصیب
ہر برس میری گزارش پہ اگر صاد رہے
ذہن میں آ نہ سکا آپؐ کا پَرتَو بھی معینؔ
عمر بھر سعی میں گو مانی و بہزاد رہے

☆☆☆



❖

روضہ ء پاک پہ حاضر ہوں یہی کافی ہے
حالِ دل کہنے کو آنکھوں کی نمی کافی ہے
مجھ کو حاصل ہے محمدﷺ کی غلامی کا شرف
ان کا یہ فیض ہی بخشش کو مری کافی ہے
بسکہ اوقات مری کیا ہے؟ کروں عرض میں کیا؟
در پہ بلوایا ہے سرکارؐ! یہی کافی ہے
حبّذا مجھ کو حضوری کی سعادت بخشی
اور رودادِ اَلَم میری سُنی، کافی ہے
مجھ سیہ رو کی بدل جائے گی دنیا آقاؐ!
آپؐ کی ایک نظر لطف بھری کافی ہے
روزِ محشر کا مجھے خوف نہیں، میرے لیے
رحمتِ ہاشمی و مطّلبی کافی ہے
خاکِ پاکِ درِ احمدؐ سے جبیں روشن ہے
اور کیا مانگیے ہم کو تو یہی کافی ہے
شاہِ کونینؐ کی الفت کا تمنائی ہوں
عمر بھر میرے لیے عشقِ نبیؐ کافی ہے
ہو گئی مجھ پہ معینؔ ان کی نگاہِ رحمت
ان کے دربار سے خیرات ملی کافی ہے

☆☆☆

❖

دیارِ نبیؐ کے میں قربان جاؤں، دیارِ نبیؐ رشکِ خُلدِ بریں ہے
مرے مصطفیٰؐ کا ہے یہ پاک مسکن، جو عرشِ معلّٰی سے بڑھ کر حسیں ہے

یہاں بایزیدؒ و جنیدؒ اور حسّانؓ، ادب سے سبھی سر جھکائے کھڑے ہیں
جہاں بھیڑ رہتی ہے کرّ و بیاں کی! یہ وہ پاک بستی ہے، وہ سرزمیں ہے

کُھلا ہے یہاں بابِ رحمت ہمہ دم، برستی ہے بارانِ انوار پیہم
یہاں سیّدِ دو جہاںؐ کے تصدّق دعا سے اجابت نہایت قریں ہے

درِ شاہؐ پر اولیاء اور سلطاں بصد عجز و تعظیم دریوزہ گر ہیں
گلے سے لگاتے ہیں آقاؐ انھیں بھی زمانے میں کوئی بھی جن کا نہیں ہے



مدینے کی آب و ہوا پر میں قرباں ہر اک برگِ گُل اس کا باغِ ارم ہے
شہِ دو جہاںؐ کا یہ شہرِ مقدّس نہایت حسیں ہے، بہت دل نشیں ہے

مجھے پاس اپنے بُلا لیں خدارا، ملے دستِ رحمت کا مجھ کو سہارا
پریشاں ہے جاں اے شفیعِ مکرّمؐ! بہت مضطرب میرا قلبِ حزیں ہے

چُھپا لیجیے اپنی کملی میں آقاؐ! مجھے بخشیے راحت افزا دلاسا
بجز آپؐ کے میرا دونوں جہاں میں کوئی غم گسار اور مُونس نہیں ہے

میں بیزار ہوں ایسے شام و سحر سے، یہاں میرا رہنا ہے دشوار یکسر
کروں گا ٹھکانہ میں طیبہ میں جا کر، خدا کی قسم دل کی راحت وہیں ہے

مجھے شاہِ دیںؐ کی غلامی ملی ہے، مقدّر کی میرے کلی یوں کِھلی ہے
یہ فرمائیں گے قبر میں میرے آقاؐ! اسے مت کہو کچھ، یہ میرا معیّں ہے

☆☆☆

❖

بحمداللہ محفل میں محمد مصطفیٰؐ آئے
شفیع المذنبیںؐ آئے، امامُ الانبیاؐ آئے
بہر سُو روشنی پھیلی ہے انوارِ محمدﷺ کی
کہ نورِ ذات میں ڈھل کر شہِ ارض وسماؐ آئے
اُنھی کے فیض سے دنیا میں ساری رونقیں آئیں
ہیں ان کے لطف سے سب انبیاء واولیاء آئے
زہے قسمت کہ بزمِ عاشقانِ پاک طینت میں
مرے آقاؐ، مرے مولاؐ، سخی الاسخیاؐء آئے
گنہگارو، سیہ کارو، نہ گھبراؤ، نہ غم کھاؤ
تمھارے بخشوانے کے لیے خیرالوریٰؐ آئے
معین الحق! تمنّا ہے، دمِ نزع یہ لب پر ہو
محمد مصطفیٰﷺ آئے، محمد مصطفیٰﷺ آئے

☆☆☆



❖

سرکارؐ کے روضے پر وہ رحمتِ باری ہے
ہر دیکھنے والے پر اک کیف سا طاری ہے
اُمّت کے لیے واللہ اُس شہرِ منوّر میں
اک چشمہ ءِ نورانی، عرفان کا جاری ہے
طیبہ میں سبھی لمحے کیا خوب گذرتے ہیں
اُس در پہ یہ دل میرا سو جان سے واری ہے
زہراؑ کے وہ باباؐ ہیں، حسنینؑ کے ناناؐ ہیں
پنج تنؑ کے گھرانے سے نسبت تو ہماری ہے
اے مہرِ علیؒ! تیرے پُرنور وسیلے سے
فیضانِ نبی سرورؐ ہر دم یہاں جاری ہے
اِس لطفِ فراواں کا ہو شکر ادا کیسے
اب بہرِ قدم بوسی ناچیز کی باری ہے
کہتا ہے معین الحق با عجز و نیاز آقاؐ!
یہ دل بھی تمھارا ہے، یہ جاں بھی تمھاری ہے

☆☆☆

❖

هم نے تو مدینے کو ہر حال میں جانا ہے
سرکارؐ کے قدموں میں پلکوں کو بچھانا ہے

آقاؐ کی یہ نگری ہے اک خلدِ بریں واللہ
ماحول بھی دل کش ہے، منظر بھی سہانا ہے

ہے نامِ محمد ﷺ تو الطاف کا گنجینہ
اب لوحِ دل و جاں پر یہ نقش جمانا ہے

ہر سچّا غلام اُن کا کہتا ہے عقیدت سے
زہراؓ! تیرے قدموں میں بے کس کا ٹھکانہ ہے

جس شے کی تمنّا ہو، مانگو وہ عطا ہو گی
قاسمؑ کا دوارہ ہے، لجپال گھرانہ ہے

مائل بہ کرم سارے حضرات ہیں بڑھ چڑھ کر
یہ نسل کریموں کی یکتائے زمانہ ہے

صد شکر معین الحق اس بات پہ شاداں ہوں
حسنینؑ کے ناناؐ سے اخلاص پُرانا ہے

☆☆☆



❖

محمد ﷺ، محمد ﷺ پُکارے چلیں گے
مدینے کو ہم، تم، یہ سارے چلیں گے

وہی اپنے ملجا، وہی اپنے ماوٰی
اُنھی کے کرم کے سہارے چلیں گے

سروں پہ عنایات کا سایہ ہو گا
معیّت میں سورج، ستارے چلیں گے

مقدّر سے اِذنِ حضوری ملا ہے
نبیؐ پر دل و جان وارے چلیں گے

سنائیں گے رودادِ غم، مصطفیٰؐ کو!
مقدّر کو اپنے سنوارے چلیں گے

سجاتے دُرودوں، سلاموں کے گجرے
یونہی وقت اپنا گذارے چلیں گے

اکیلا نہیں ہے معینؔ اِس سفر میں
ہیں جتنے بھی سب بے سہارے چلیں گے

☆☆☆

❖

میرے آقاؐ کے روضے کی کیا شان ہے، شہرِ طیبہ کے کوچوں کی کیا بات ہے
گو بہشتِ بریں ہے، بہت دل نشیں، اُن کے مَسکن کی گلیوں کی کیا بات ہے

انبیاء، اصفیاء، اولیاء، اتقیاء، آپؐ کے در پہ بیٹھے ہیں بن کے گدا
نور ہی نور ہے سب پہ چھایا ہوا، ایسے شاداب جلوؤں کی کیا بات ہے

سائرِ عرش، محبوبِ ربُّ العُلیٰ، جن کی خاطر جہاں کو سجایا گیا
چوم کر عرشِ اعظم بھی کہنے لگا، کملی والے کے تلوؤں کی کیا بات ہے

پھول، کلیوں کو بخشی عجب دلکشی، چاند، سورج، ستاروں کو دی روشنی
فرش سے عرش تک چاندنی، چاندنی، ماہِ انور کی کرنوں کی کیا بات ہے

اُلفتِ مصطفیٰؐ دل میں ہے جاگزیں، کتنا خوش بخت ہے اُن کا بندہ معینؔ
پنج تنؑ سے ہے نسبت خدا کی عطا، مرحبا ایسے رشتوں کی کیا بات ہے

☆☆☆



# ہدیہء
# درود و سلام

## درودوسلام

مصطفیٰؐ، مجتبیٰؐ، خاتم الانبیاءؐ، ہوں ہزاروں درود و سلام آپؐ پر
شانِ ربُّ العُلا، صورتِ حق نُما، ہوں ہزاروں درود وسلام آپؐ پر

آپؐ ہیں وجہِ تخلیقِ ارض و سما، آپؐ ہی ابتدا، آپؐ ہی انتہا
سدرۃ المنتہٰی آپؐ کے زیرِ پا، ہوں ہزاروں درود وسلام آپؐ پر

قابَ قَوسین ہے آپؐ کی شان میں، نعت ہے آپؐ کی سارے قرآن میں
آپؐ کی ذات ممدوحِ ذاتِ خدا، ہوں ہزاروں درود وسلام آپؐ پر

آپؐ شمس الضُّحیٰ، آپؐ بدرالدُّجیٰ، آپؐ نور الہدیٰ، آپؐ خیر الوریٰ
شمعِ بزمِ ھُدیٰ، شاہدِ کبریا، ہوں ہزاروں درود وسلام آپؐ پر



پردہ ءمیم احمدؐ سے جونہی اٹھا، ہوگئی جلوہ گر ذاتِ ربُّ العُلیٰ
ذاتِ احمدؐ اَحَد سے نہیں ہے جدا، ہوں ہزاروں درود وسلام آپؐ پر

ذاتِ مطلق کا روشن نشاں بن گئی، اسمِ اعظم جبھی تو ہے ذات آپؐ کی
اِس وسیلے سُنی رب نے سب کی دعا، ہوں ہزاروں درود وسلام آپؐ پر

صدقہ حسنینؓ و زہراؓ و مولا علیؓ، صدقہ غوثِ جلیؒ، صدقہ ہندالولیؒ
صدقہ مہرِ علیؒ حاجتیں ہوں روا، ہوں ہزاروں درود وسلام آپؐ پر

بھیجتا ہے درود آپؐ پر خود خدا، سب فرشتے، سبھی انبیاء، اولیاء
عرض کرتا ہے اک عاجز و پُر خطا، ہوں ہزاروں درود وسلام آپؐ پر

آپؐ کو حق نے مختارِ عالمؐ کیا، کی عطا آپؐ کو نعمتِ دوسرا
ایک رب سے لیا کُل جہاں کو دیا، ہوں ہزاروں درود وسلام آپؐ پر

آپؐ کی ہے عطا، امن و عدل و جزا، حسنِ خُلق اور تقویٰ و جود وسخا
رفق و ایثار، عزم اور مہر و وفا، ہوں ہزاروں درود وسلام آپؐ پر

آپؐ ہوں میرا دل، میری جاں، میرا دیں، اس سے آگے طلب اور کوئی نہیں
بس یہی ہے تمنا، یہی التجا، ہوں ہزاروں درود و سلام آپؐ پر

آپؐ کے در پہ جھکتی رہے یہ جبیں، چھوڑ کر آپؐ کا در نہ جائے کہیں
آپؐ کا یہ گدا آپؐ پر ہو فدا، ہوں ہزاروں درود و سلام آپؐ پر

ہو سگِ کوئے طیبہ معینؔ حزیں، اس سے بڑھ کر طلب اور کوئی نہیں
اس پہ ہو جائے چشمِ عنایت شہاؐ! ہوں ہزاروں درود و سلام آپؐ پر

☆☆☆



## درود و سلام

تجھ پہ بھی کھولے خدا بابِ کرم
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّم

تو خدا کے حکم کی تعمیل کر
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّم

ہونا چاہے گر شریکِ وردِ حق
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّم

تیرے کھوٹے بھی کھرے ہو جائیں گے
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّم

تا ہو تو محبوبِ ربّ العالمین
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِك وَسَلِّم

دل میں آقاؐ کی محبت کو بسا
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِك وَسَلِّم

پڑھ محبت سے کہ آقاؐ خود سنیں
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِك وَسَلِّم

تا ترے درجات ہو جائیں بلند
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِك وَسَلِّم

غم ترے دونوں جہاں کے دُور ہوں
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِك وَسَلِّم



تو اگر طالب ہے عفو و خیر کا
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِك وَسَلِّم

تا ملے حبِّ حبیبِ حقؐ تجھے
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِك وَسَلِّم

فقر میں صدقہ نہ گر تو کر سکے
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِك وَسَلِّم

حق سے خیراتِ کرم تو پائے گا
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِك وَسَلِّم

تا رسولِ پاکؐ تجھ سے خوش رہیں
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِك وَسَلِّم

تا ہو آخر وقت دیدارِ رسولؐ
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِك وَسَلِّم

تا تجھے کوثر کا پانی ہو نصیب
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِك وَسَلِّم

عرش کے سائے جگہ تو پائے گا
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِك وَسَلِّم

تا قریبِ مصطفیٰؐ ہر دم رہے
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِك وَسَلِّم

حق کی ہر نعمت ملے تجھ کو معیّن
پڑھ درود اور دیکھ پھر اس کا کرم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِك وَسَلِّم

☆☆☆



اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّد
وَّ عَلٰی
آلِ مُحَمَّدٍ
وَّ بَارِك وَسَلِّم

☆